**تین سے چار لاکھ افغانی اور دیگر غیر ملکی دہشت گرد جدید اسلحہ سمیت کراچی پہنچ گئے ہیں، الطاف حسین**

**یہ دہشت گرد کراچی اور حیدرآباد سمیت پورے صوبہ سندھ پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں**

**کسی سے لڑنا نہیں چاہتے لیکن اگر کسی نے ہمارے علاقوں پر حملہ کیا تو اقوام متحدہ کے چارٹر اور شریعت کے تحت اپنا بھرپور دفاع کرینگے**

**ایم کیوایم پاکستان کو طالبان، القاعدہ اور مذہبی انتہا پسندوں کا پاکستان نہیں بلکہ مذہبی رواداری پر یقین رکھنے والا ایک لبرل اور ڈیموکریٹک پاکستان بنانا چاہتی ہے۔ ایم کیوایم ہر قسم کی دہشت گردی اور مذہبی انتہا پسندی کے خلاف ہے**

**مذہبی اقلیتوں کے خلاف ہر قسم کے امتیازی سلوک کا خاتمہ اور خواتین کو مردوں کے مساوی حقوق دلانا چاہتے ہیں**

**ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیر اہتمام جوہانسبرگ میں اپنی 55ویں سالگرہ کے اجتماع سے ٹیلیفون پر خطاب**

جوہانسبرگ۔۔12 اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کو طالبان، القاعدہ، جہادیوں اور مذہبی انتہا پسندوں کا پاکستان نہیں بلکہ مذہبی رواداری پر یقین رکھنے والا ایک لبرل اور ڈیموکریٹک پاکستان بنانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر پاکستان میں دہشت گردی کرنے والے تین سے چار لاکھ افغانی اور دیگر غیر ملکی دہشت گرد جدید وخودکار اسلحہ سمیت کراچی پہنچ گئے ہیں جو کراچی اور حیدرآباد سمیت پورے صوبہ سندھ پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیر اہتمام جوہانسبرگ میں اپنی 55ویں سالگرہ کے اجتماع سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجتماع میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے کارکنوں اور انکے اہل خانہ سمیت جوہانسبرگ، ڈربن اور پریٹوریا میں مقیم پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جس میں نوجوانوں کے علاوہ بزرگ، خواتین اور بچے بھی شامل تھے۔ اجتماع میں ساؤتھ افریقہ کی حکمراں جماعت افریقن نیشنل کانگریس کے مقامی نمائندوں، مقامی انتظامیہ کے حکام اور مقامی شہریوں کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ اجتماع سے قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی نے بھی خطاب کیا جو اجتماع میں شرکت کیلئے خصوصی طور پر پاکستان سے آئے تھے۔ اجتماع سے اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم معاشرے کے تمام طبقوں کے درمیان امن، بھائی چارہ چاہتی ہے، ایم کیوایم پاکستان کے تمام محروم ومظلوم عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور وہ پاکستان میں حقیقی جمہوریت کا قیام چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے محروم عوام کو 2 فیصد مراعات یافتہ جاگیرداروں اور وڈیروں کے شکنجہ سے آزاد کرانا چاہتی ہے جو 1947ء میں قیام پاکستان کے بعد سے ملک پر حکمرانی کررہے ہیں جبکہ 98 فیصد غریب ہاری، کسان مزدور اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ کے محکوم بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ملک سے مراعات یافتہ طبقہ کے چند خاندانوں کی حکمرانی کا خاتمہ چاہتے ہیں اور ملک پر غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتے ہیں اور انہیں وفاقی اور صوبائی حکومت کے ایوانوں میں پہنچانا چاہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ہر قسم کی دہشت گردی اور مذہبی انتہا پسندی کے خلاف ہے، وہ مذہبی اقلیتوں کے خلاف ہر قسم کے امتیازی سلوک کا خاتمہ چاہتی ہے اور ملک میں آباد ہندوؤں، عیسائیوں، سکھوں اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے تمام شہریوں کیلئے یکساں حقوق چاہتی ہے۔ ایم کیوایم خواتین کے حقوق کیلئے بھی جدوجہد کررہی ہے اور خواتین کو زندگی کے ہر شعبہ میں مردوں کے مساوی حقوق دلانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم فرقہ وارانہ اور لسانی فسادات کے خلاف ہے، ایم کیوایم مذہبی انتہا پسندوں اور ملاؤں کی حکمرانی کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کو طالبان، القاعدہ، جہادیوں اور مذہبی انتہا پسندوں کا پاکستان نہیں بلکہ مذہبی رواداری پر یقین رکھنے والا ایک لبرل اور ڈیموکریٹک پاکستان بنانا چاہتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، جہادی ومذہبی انتہا پسند عناصر ملک میں خودکش حملے اور بم دھماکے کرکے معصوم وبے گناہ شہریوں، نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کی جانیں لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہادی عناصر اسلام کے نام پر خودکش حملے اور دھماکے کرکے اور مسلمانوں کا خون بہا کر اسلام کی خدمت نہیں کررہے ہیں بلکہ اسلام کو بدنام کررہے ہیں۔ انہوں نے پاکستان میں ہونے والے خودکش حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی اور طالبانائزیشن نے پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے اور اب ان دہشت گردوں کا رخ صوبہ سندھ کی طرف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر پاکستان میں دہشت گردی کرنے والے تین سے چار لاکھ افغانی اور دیگر غیر ملکی دہشت گرد جدید وخودکار اسلحہ سمیت کراچی پہنچ گئے ہیں جو کراچی اور حیدرآباد سمیت پورے صوبہ سندھ پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلح طالبان نے کراچی کو چاروں طرف سے گھیر لیا ہے، کراچی کے عوام خالی ہاتھ ہیں جبکہ طالبان جدید ترین مہلک ہتھیاروں اور گولہ بارود سے پوری طرح لیس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے نہتے عوام، مائیں، بہنیں، بزرگ اور بچے پریشان حال ہیں، انکی زندگیاں خطرے میں ہیں، خدا ایک مرتبہ پھر ہمارا امتحان لینا چاہتا ہے اور ہماری ثابت قدمی دیکھنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی سے لڑنا نہیں چاہتے لیکن اگر کسی نے ہمارے علاقوں پر حملہ کیا تو مسلح حملہ آوروں سے اپنے

گھروں، ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور بچوں کے تحفظ کیلئے ہم بھی اقوام متحدہ کے چارٹر اور شریعت کے تحت اپنا بھرپور دفاع کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں ایم کیوایم کے بہادر کارکنان اپنی جانوں کو ہتھیلی پر رکھ کر راتوں کو جاگ جاگ کر اپنے علاقوں کے تحفظ کیلئے سرگرم ہیں۔ انہوں نے حاظرین سے کہا کہ وہ علاقوں کے تحفظ کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت حفاظتی بندوبست کرنے والے ساتھیوں کی مدد کیلئے عطیات دیں اور اپنے گھر والوں سے بھی کہیں کہ وہ بھی اپنے تحفظ کیلئے ضرور بندوبست کریں۔ جناب الطاف حسین نے ساؤتھ افریقہ یونٹ کے کارکنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے ماضی میں بھی تحریک کیلئے مثالی قربانیاں دیں، تحریکی جدوجہد کی پاداش میں آپ نے اپنا گھربار، اپنا شہر، اپنا علاقہ اور اپنا وطن چھوڑ دیا اور آج اپنے ماں باپ، بہن بھائیوں اور گھر والوں سے دور ساؤتھ افریقہ میں رہنے پر مجبور ہیں اور یہاں رہتے ہوئے بھی تحریک کے مشن و مقصد کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں جس پر میں دل کی گہرائیوں سے آپ سب کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے اجتماع کے انعقاد کے انتظامات کرنے والے کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور تقریب میں شرکت کرنے پر تمام شرکاء، ساؤتھ افریقہ کے مقامی باشندوں خصوصاً افریقن نیشنل کانگریس کے ارکان اور دیگر اہم مقامی شخصیات کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے تقریب کے انتظامات میں تعاون پر جوہانسبرگ کی مقامی انتظامیہ کے حکام کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔

## ساؤتھ افریقہ کی سیاہ فام اکثریت کو سفید فام اقلیت کی غلامی سے آزادی دلانے پر
## عظیم لیڈر نیلسن مینڈیلا کو الطاف حسین کا سیلوٹ

جوہانسبرگ۔۔۔12 اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ساؤتھ افریقہ کی سیاہ فام اکثریت کو سفید فام اقلیت کی غلامی سے آزادی دلانے پر ساؤتھ افریقہ کے عظیم لیڈر نیلسن مینڈیلا کو سیلوٹ پیش کیا ہے۔ وہ جوہانسبرگ میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے زیراہتمام منعقد کئے جانے والے سالگرہ کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نیلسن مینڈیلا نے ساؤتھ افریقہ کی سیاہ فام اکثریت کو سفید فام اقلیت کی غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرانے اور ان کے بنیادی حقوق کیلئے طویل جدوجہد کی، کئی برسوں کی اسیری گزاری اور لازوال قربانیاں دیں اور ان کی اس جدوجہد پر میں دنیا کے عظیم لیڈر نیلسن مینڈیلا کو سیلوٹ پیش کرتا ہوں اور ساؤتھ افریقہ کے عظیم شہریوں کو بھی سلام تحسین پیش کرتا ہوں۔

## کرم کروگے، کرم کریں گے......ستم کروگے، ستم کریں گے
## آبادیوں پر حملہ کرنے والوں کیلئے الطاف حسین کا پیغام

جوہانسبرگ۔۔۔12 اکتوبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جوہانسبرگ میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے زیراہتمام منعقد کئے جانے والے سالگرہ کے اجتماع سے خطاب کا اختتام اپنے روایتی اشعار سے کیا جس نے اجتماع کے شرکاء میں زبردست جوش و ولولہ پیدا کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی سے لڑنا نہیں چاہتے اور امن سے رہنا چاہتے ہیں لیکن اگر کسی نے ہماری آبادیوں پر حملہ کیا تو ہم انہیں یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ،

ہاتھ ملاؤ گے......ہاتھ ملائیں گے
دل ملاؤ گے......دل ملائیں گے
پیار کروگے......پیار کریں گے
ادب کروگے......ادب کریں گے
وفا کروگے......وفا کریں گے
جفا کروگے......جفا کریں گے
کرم کروگے......کرم کریں گے
ستم کروگے......ستم کریں گے
ہم آدمی ہیں تمہارے جیسے
جو تم کروگے......وہ ہم کریں گے

## ملک بھر کے والدین اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں،الطاف حسین
## پولیو جیسے خطرناک مرض سے حفاظت کے حوالہ سے معمولی سی غفلت بچوں کا مستقبل تباہ کرسکتی ہے

لندن۔۔۔12، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ انسداد پولیومہم سے بھرپور استفادہ کریں اوراپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکیسن کے قطرے ضرور پلوائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پولیوایک خطرناک مرض ہےاوراس مرض سے بچوں کوتحفظ دلانے کیلئے والدین پرانتہائی اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیو جیسے خطرناک مرض سے حفاظت کے حوالہ سے معمولی سی غفلت بچوں کا مستقبل تباہ کرسکتی ہےاوراس مرض کا شکار بچہ زندگی بھر کیلئے معذور بن سکتا ہےلہٰذاوقت کا تقاضا ہے کہ بچوں کو پولیوویکیسن کے قطرے پلانے میں کسی بھی قسم کی غفلت کا مظاہرہ نہ کیا جائے اورانسداد پولیومہم سے بھرپوراستفادہ کرتے ہوئے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائے جائیں۔انہوں نے کہا کہ 13، اکتوبر 2008ء سے ملک بھر میں انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم کا آغاز کیا جارہاہےجس کے دوران ملک بھر میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکیسن کے قطرے پلانے کے انتظامات کئے جائیں گے۔انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم سے بھرپور استفادہ کریں اوراپنے اپنے بچوں کو پولیوویکیسن کے قطرے ضرور پلوائیں۔جناب الطاف حسین نے انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم کا خیرمقدم کرتے ہوئے وفاقی وصوبائی حکومتوں بالخصوص ضلعی حکومتوں پرزوردیا کہ وہ اس بات کویقینی بنائیں کہ ملک بھر کے تمام اضلاع میں انسداد پولیو کی ٹیمیں اپنا بھرپورکردارادا کریں اورتمام اضلاع میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلاسکیں۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن اورکورنگی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔12، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ خدا کی بستی کے کارکن محمد شفیع کی والدہ محترمہ اورایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن کاشف کی والدہ محترمہ موجلی بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## روزنامہ عوام حیدرآباد کے نمائندے سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔12، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ عوام حیدرآباد کے نمائندے حامد شیخ کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆